Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

# اہم ترین

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے خواتین اور اقلیّتوں کی مخصوص نشستوں پر ڈاکہ عوامی مینڈیٹ لوٹنے کے شرمناک ریاستی منصوبے کا حصہ قرار

عوامی مینڈیٹ پر کھلا ڈاکہ ڈالنے والے الیکشن کمیشن کی شرمناک سہو لتکاری سے خصوص نشستوں کو غیر آئینی طور پر مینڈیٹ چوروں میں بانٹنے کے ناقابل قبول منصوبے بنا رہے ہیں،

دستور کا آرٹیکل 51 مخصوص نشستوں کی تقسیم کے بنیادی اصولوں کو نہایت صراحت سے بیان کرتا ہے،

خواتین اور اقلیّتوں کی مخصوص نشستوں کو جنرل سیٹوں کے تناسب سے ہی تقسیم ہونا ہے،

سنّی اتحاد کونسل مرکز، پنجاب اور خیبر پختونخوا میں سب سے زیادہ نشستیں رکھنے والی پارلیمانی جماعت ہے،

سنّی اتحاد کونسل کو مخصوص نشستوں کی فراہمی میں لیت و لعل اکثریت کو غیر قانونی طور پر جبراً اقلیت میں بدلنے کے غیر آئینی اور غیر جمہوری منصوبے کا حصہ ہے،

جمہوریت کو غیر آئینی و غیر قانونی عزائم کا اسیر بنا کر عوام کے مینڈیٹ کو پامال کرنے کی اجازت ہرگز نہیں دیں گے،

جعلی فارم 47 کے ذریعے چھینی گئی قومی و پنجاب اسمبلی کی نشستیں بھی واپس لیں گے اور مخصوص نشستوں کی غیر آئینی بندر بانٹ کی بھی بھرپور مزاحمت کریں گے،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ